اسمبلی انتخاب سے قبل بڑے پیمانے پر تقرری

4.72 لاکھ عہدوں کو نتیش حکومت جلد پر کرے گی

پٹنہ (ایس این بی)

بیروزگار نوجوانوں کے لیے نتیش حکومت جلد ہی بڑے پیمانے پر تقرری کرنے والی ہے۔ ریاست کے مختلف سرکاری محکموں میں 4 لاکھ 72 ہزار 976 عہدے خالی ہیں۔ ان عہدوں پر جلد ہی تقرری کا عمل شروع ہوگا۔ بتایا جارہا ہے کہ سال 2025 میں ہونے والے اسمبلی انتخاب سے پہلے ان سبھی عہدوں کو بھر دیا جائے گا۔ سب سے زیادہ ویکنسی تعلیم اور محکمہ صحت میں نکالی جائے گی۔ واضح ہو کہ نتیش کمار 2025 اسمبلی انتخاب سے قبل 10 لاکھ لوگوں کو سرکاری نوکری دینے کا وعدہ پورا کرنے کی بات کئی بار کہہ چکے ہیں۔ ہفتہ کو ملی خبر کے مطابق پہلے بہار کی نتیش حکومت نے سبھی محکموں سے خالی عہدوں کی جانکاری مانگی تھی۔ محکموں نے جنرل انتظامی محکمہ کو خالی عہدوں کی جانکاری دستیاب کرادی ہے۔ بہار کے سبھی سرکاری محکموں میں عہدوں کی خالی سیٹوں کے مطابق سبھی جگہوں پر تقریباً پونے پانچ لاکھ عہدے خالی ہیں۔ ان میں مستقل اور غیر مستقل دونوں طرح کے عہدے شامل ہیں۔ بہار میں سب سے زیادہ محکمہ تعلیم میں عہدے خالی ہیں۔ یہاں دو لاکھ سے زیادہ عہدے خالی ہیں۔ اس کے بعد صحت محکمہ میں بھی 65 ہزار کے قریب عہدوں کو بھرا جانا ہے۔ اس کے علاوہ داخلہ، توانائی، دیہی ترقیات، آبی وسائل، ٹرانسپورٹ، محصولات اور زمین اصلاحات، محنت وسائل میں کل 45 محموں میں بحالی کی جائے گی۔ سبھی محکموں کی طرف سے تقریباً الگ الگ خالی عہدوں کو ملا کر یہ عہدے بھرے جائیں گے۔ ایسے میں بہار کے بیروزگار نوجوانوں کو آنے والے وقت میں بڑے پیمانے پر سرکاری نوکری کا موقع مل سکتا ہے۔ واضح ہو کہ پارلیمانی انتخاب میں امید کے برعکس سیٹیں ملنے کے بعد این ڈی اے حکومت کوئی بھی قدم پھونک پھونک کر رکھ رہی ہے۔ کیونکہ اسے خدشہ ہے کہ اب بیروزگار نوجوان ان کے جھانسے میں نہیں آنے والے ہیں اس لیے کوئی ایسا کام کیا جائے جس سے نوجوان ان کو ووٹ دینے پر مجبور ہوجائیں۔

وزیراعلیٰ نتیش کمار کی طبیعت ناساز

ہاتھ میں درد کی شکایت میدانتا اسپتال پہنچے، روٹین چیک اپ کے بعد رہائش واپس

پٹنہ (ایس این بی)

وزیراعلیٰ نتیش کمار کی ہفتہ کو اچانک طبیعت بگڑ گئی۔ اس کے بعد وہ پٹنہ کے میدانتا اسپتال پہنچے اور جانچ کرائی۔ بتایا جارہا ہے کہ ان کے ہاتھ میں جمعہ سے تیز درد کی شکایت تھی۔ میدانتا اسپتال کے آرتھوپیڈکس ڈپارٹمنٹ میں ان کا چیک اپ کیا گیا۔ جانچ کے بعد وزیراعلیٰ نتیش کمار اپنی رہائش گاہ آگئے۔ ملی جانکاری کے مطابق سی ایم نتیش کمار کے ہاتھ میں درد شروع ہوگیا۔ جمعہ کو ریاستی کابینہ کی میٹنگ میں ابھی انہوں نے وزرا سے ہاتھ درد کرنے کی بات کہی تھی۔ اس کے بعد انہیں علاج کیلئے صبح پٹنہ کے میدانتا اسپتال میں لے جایا گیا جہاں ہڈی ڈپارٹمنٹ کے ڈاکٹروں کی ٹیم نے ان کی جانچ کی۔ سی ایم رہائش کی جانب سے کہا گیا کہ نتیش کمار روٹین چیک اپ کیلئے اسپتال گئے تھے۔ جانچ کے بعد وہ واپس گھر آگئے اور اپنے کام کو نمٹا رہے ہیں۔ خیال رہے کہ گزشتہ لوک سبھا انتخاب کے مدنظر وزیراعلیٰ نتیش کمار طویل وقفہ سے انتخابی تشہیر میں مشغول تھے۔ این ڈی اے کی اہم میٹنگ میں حلیف جماعت کے طور پر جے ڈی یو اور ان کی مرکزی حکومت کی تشکیل میں اہم رول رہا۔ اس دوران انہوں نے کئی مرتبہ دہلی کا بھی دورہ کیا۔ وہ گزشتہ 9 جون کو وزیراعظم نریندرمودی اور نئی کابینہ کی حلف برداری تقریب میں بھی شامل ہوئے تھے۔ دہلی سے پٹنہ واپس ہوئے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے جمعہ کو کابینہ کی میٹنگ طلب کی تھی۔ میٹنگ میں بے روزگاری بھتہ اور سرکاری ملازمین کی رہائش بھتہ سمیت 25 اہم ایشو پر فیصلے لئے گئے۔ جے ڈی یو نے 29 جون کو قومی مجلس عاملہ کی میٹنگ بلائی ہے۔ اس کی تیاریاں بھی جاری ہے۔ گزشتہ دنوں لوک سبھا انتخابی تشہیر کے دوران بھی سی ایم نتیش کمار کی طبیعت خراب ہونے کی خبر ہے۔ اس کے باوجود پورے انتخاب کے دوران وہ کافی سرگرم نظر آئے۔ لگاتار مشغولیت کے درمیان ہفتہ کو ہاتھ میں درد ہونے پر اپنی صحت کا دھیان رکھتے ہوئے وہ فوراً اسپتال پہنچے اور علاج کرایا۔

پٹنہ میں دن دہاڑے اسلحہ کے بل پر بینک میں لوٹ

17.5 لاکھ روپے لے کر لٹیرے فرار

ऐक्सिस बैंक
AXIS BANK
आसाम

پٹنہ (ایس این بی)

پٹنہ کے بہٹا تھانہ حلقہ کے گرام دیوکلی کے ایکسس بینک میں ہفتہ کو لٹیروں نے دن دہاڑے لوٹ کی واردات کو انجام دیا۔ بتایا جارہا ہے کہ چار نامعلوم لٹیروں نے اسلحہ کے بل پر بینک ملازمین کو یرغمال بنا کر قریب ساڑھے سترہ لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہوگئے۔ اس واردات میں علاقے سے افراتفری مچ گئی۔ بینک ملازمین کے ذریعہ اس بات کی جانکاری پولیس کو دی گئی تو موقع پر کئی تھانوں کی پولیس پہنچ گئی اور معاملے کی جانچ شروع کردی گئی ہے۔ پولیس بینک اور وہاں آس پاس موجود سی سی ٹی وی فوٹیج کی جانچ کررہی ہے۔ تاکہ لوٹ میں ملوث جرائم پیشہ کی پہچان کی جاسکے۔ اطلاع کے مطابق ہفتہ کی دوپہر ایکسس بینک میں چار نقاب پوش جرائم پیشہ داخل ہوئے۔ انہوں نے اسلحہ کا خوف دکھاکر وہاں موجود صارفین اور ملازمین کو ایک کمرے میں بند کردیا۔ ساتھ ہی شور مچانے یا پولیس کو فون کرنے پر جان سے مارنے کی دھمکی بھی دی۔ اس کے بعد لٹیروں نے کیشیئر کے پاس رکھے کیش اور تجوری میں رکھے روپے بیگ میں بھر لیے۔ اتنا ہی نہیں اس دوران وہاں موجود ایک صارف سے بھی قریب 41 ہزار روپے چھین لئے اور فرار ہوگئے۔

ندی گھاٹوں سے بالو نکالنے پر چار مہینے تک پابندی

پٹنہ (ایس این بی) ریاست میں ہر برس مانسون کے دوران بالو کانکنی پر روک لگادی جاتی ہے۔ اسی کے مطابق اس برس بھی 15 جون سے مختلف ندی گھاٹوں پر لال اور اجلے بالو کی کانکنی پر روک لگادی گئی ہے۔ اب بالو گھاٹوں میں بندوبستی دفعہ کسی طرح کی کانکنی نہیں کریں گے۔ انہیں قبل سے اسٹاک کئے بالو کو فروخت کرنا ہوگا۔ کانکنی محکمہ کے ڈائریکٹر اس متعلق متعلقہ افسران کو خط بھیج کر ماحولیات تحفظ کے نظریہ سیپورے مانسون کے دوران یعنی 15 جون سے 15 اکتوبر تک بالو نکاسی پر روک لگادی گئی ہے۔ تاکہ ندیوں میں رہنے والے جانداروں کی تعداد بڑھانے کے لیے مناسب موسم میں کانکنی کی اس عمل سے کوئی نقصان نہیں ہو۔ کانکنی ڈائریکٹر نے سبھی ندی گھاٹوں پر بالو نکاسی پر لگی روک پر روزانہ نگرانی سے متعلق تھانوں کے ذریعہ کرنے کی بھی ضرورت جتائی ہے۔ تاکہ ایس آئی اے تحت بہار کے ذریعہ کی گئی ماحولیات کی منظوری کی شرط پر عمل ہوسکے۔ ضلع کانکنی افسر کے مطابق سارن میں پہلیجا، ڈوری گنج اور گھیگٹا، تیلپا گھاٹ کی بندوبستی ہوئی ہے جہاں بندوبستی کرانے والوں کو بالو کی نکاسی اور فروخت کی سہولت دی گئی ہے۔ کانکنی پر پابندی کے بعد وہ اپنے پاس اسٹاک میں رکھے گئے بالو کو ہی لائسنس کے توسط سے فروخت کرسکیں گے۔

تلوے میں درد ہونے والے مریضوں کو دھیان دینے کی ضرورت

خالی پیر چلنے والے 90 فیصد لوگ اس مرض میں مبتلا، موٹے چپل کا استعمال بہتر: ڈاکٹر چترویدی

پٹنہ (ایس این بی)

تلوے میں درد کی شکایت اکثر و بیشتر گھروں میں سنی جاتی ہے۔ جب کوئی شخص صبح سو کر اٹھتا ہے اور جیسے ہی اس کا پاؤں زمین پر پڑتا ہے تلوے کے پاس درد کی وجہ سے اس کی زبان سے آہ نکل جاتا ہے۔ تلوے کا یہ درد عموماً عورتوں میں زیادہ دیکھی جاتی ہے۔ ایسی صورت میں اس سے بچاؤ کے لیے لوگوں کو چاہئے کہ وہ خالی پاؤں نہ چلیں بلکہ موٹے چپل کا استعمال زیادہ کریں تو یقیناً اس سے راحت ملے گی۔

یہ باتیں این ایم سی ایچ آرتھوپیڈک شعبہ کے ہیڈ ڈاکٹر پی این چترویدی نے نامہ نگاروں سے بات چیت کرنے کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ بیماری وزن بڑھنے سے بھی ہوتی ہے۔ کیونکہ جب کوئی شخص صبح سو کر اٹھتا ہے تو اس کا پاؤں زمین پر پڑتا ہے اور ایڑی کے ہڈی پر دباؤ بڑھنے کی وجہ سے درد کا احساس ہوتا ہے۔ یہ بیماری عموماً ویسے لوگوں کو زیادہ ہوتی ہے جو شوگر کے مریض ہیں۔ یا ایسا بھی سننے کو ملا ہے کہ خالی پاؤں پیدل چلنے سے فائدہ پہنچتا ہے میں ایسے لوگوں کو یہی نصیحت دیتا ہوں کہ وہ پیدل چلیں لیکن خالی پاؤں چلنے سے پرہیز کریں اور اس کے باوجود تلوے میں درد ہوتا ہے تو موٹے چپل کا استعمال کریں اور آرتھوپیڈک سرجن سے رابطہ قائم کرکے اپنا ڈائیگونس کرائیں۔ یقیناً فائدہ پہنچے گا۔ مسٹر چترویدی نے کہا کہ اے این ایم سی ایچ میں ریاست کے کئی اضلاع کے مریضوں کے ساتھ ساتھ مغربی بنگال، آسام اور بھوٹان کے مریضوں کی آمد ہوتی ہے اور ہم لوگوں نے ہڈی سے منسلک بیماریوں کا بہتر علاج کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ این ایم سی ایچ کے بعد راج لکشمی نرسنگ ہوم راجندر نگر ریلوے اسٹیشن کے سامنے اپنی خدمات پیش کررہا ہے اور وہاں بھی مریضوں کو بہتر طبی خدمات مہیا کرانے کی شروعات کی گئی ہے۔ جس میں نمایاں کامیابی ملی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تلوے کا درد سے منسلک بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ریاست کے سبھی اضلاع میں بڑے پیمانے پر بیداری مہم چلانے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ جب تک ہم اپنی سماجی بیداریوں کو ایمانداری کے ساتھ نہیں نبھائیں گے اس وقت تک ہم ایک اچھے شہری کا فرض ادا نہیں کرسکتے۔ مسٹر چترویدی نے کہا کہ بیداری ہی سبھی بیماریوں کے نجات کا اہم ذریعہ بن سکتا ہے۔ اس میں میڈیا کا رول یقیناً تاریخ ساز رہا ہے۔

پٹنہ اور پٹنہ سٹی کے مختلف عیدگاہوں اور مساجد میں عیدالاصحی کی نماز کے اوقات

تمام برادران اسلام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عید کی صلوٰۃ کا وقت مصلی عبدالحکیم میں صبح 06:15 A.M رکھا گیا ہے، اگر ٹھیک عید کی صبح، ہلکی نہیں بلکہ زور کی بارش ہوئی تو ایسی صورت میں امارت کی مختلف جامع مساجد میں عیدالاضحیٰ کی نماز ان شاءاللہ تعالیٰ ادا کی جائے گی۔ چونکہ موسم غیر معمولی گرم ہے، اس لئے چھوٹے بچوں کو ہرگز ہرگز عیدگاہ لے کر نہ آئیں!! یاد رکھیں کہ موسم کی شدت کی وجہ کر وقت پر ہی نماز شروع کردی جائے گی۔ ان شاء اللہ. عیدگاہ میں کسی طرح کی تصویر کھینچنا اور ویڈیو ریکارڈنگ کرنا سخت منع ہے، اس لئے آپ لوگوں کو اللہ کا واسطہ ہے کہ اس سے گریز کریں۔ جامع درزی ٹولہ، پٹنہ، جامع قصاب ٹولہ، پٹنہ، جامع اہلِ حدیث، محمد پور، پٹنہ، جامع عثمان تیراہے کی مسجد، پٹنہ، جامع خانمرزا، سلطان گنج، پٹنہ، جامع روشن گھاٹ، پٹنہ، جامع الصدیق المرکزی میر شکار ٹولہ، پٹنہ 6:00 A.M جامع جنگی مسجد عالم گنج، پٹنہ، جامع صادق پور، پٹنہ، جامع دادر منڈئی، پٹنہ، جامع پیٹھان ٹولی، عبدالرحمٰن پور، عالم گنج، پٹنہ، جامع کرمی ٹولہ، معروف گنج، پٹنہ سیٹی **نوٹ**:- جامع الصدیق المرکزی میر شکار ٹولہ میں نماز ہونے کی صورت میں وقتِ صلوٰۃ 6:00A.M صبح ہی رکھا گیا ہے، باقی مساجد کے ذمہ داران جو وقت مناسب سمجھیں گے اُس کا اعلان کردیں گے، ذہن نشیں رہے کہ مُصلیان کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں ایک ہی مسجد میں کئی ایک جماعت کی جائے گی! ان شاء اللہ۔ اور روڈ بند کر کے عید یا جمعہ کی جماعت ہرگز نہیں کرائیں گے۔ **پٹنہ سٹی**: پٹنہ سیٹی کے شیعہ مساجد میں عید الاضحیٰ کے نماز کے اوقات، باؤلی مسجد 9.00 بجے مسجد مرتضوی 9.30 بجے، گلزار باغ اسٹیٹ۔ 10.00، کبوتری مسجد 8.00 بجے۔ نوزکٹرہ مسجد 9.00 مسجد جماری میاں 9.30 بجے

بجلی محکمہ میں 2610 عہدوں کیلئے درخواست فارم 15 جولائی تک

اہلیت رکھنے والے امید وار بجلی محکمہ کے مختلف عہدوں کیلئے فارم ضرور بھریں: امتیاز کریمی

پٹنہ (پریس ریلیز) محکمہ بجلی نے 2610 عہدوں پر بحالی کے لئے اشتہار شائع کیا ہے۔ بہار اسٹیٹ پاور ہولڈنگ لیمیٹڈ کمپنی نے اس سلسلے میں نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق فارم بھرنے کی کارروائی 15 جون سے شروع ہے۔ فارم بھرنے کا یہ عمل 15 جولائی تک جاری رہے گا۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلی جانکاری حاصل کرنے کے لئے محکمہ بجلی کی ویب سائٹ www.bsphcl.co.in پر جاکر نوٹیفکیشن سے متعلق تمام معلومات حاصل کی جاسکتی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹیکنیشین گریڈ III کے 2000، جونیئر اکاو؟ نٹس کلرک کے 300، کراسپونڈنٹ کے کلرک 150، اسٹور اسسٹنٹ 80، جونیئر الیکٹریکل انجینئر (GTO) 40، اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر (GTO) 40 عہدوں پر بحالی عمل میں ا؟ ئے گی۔ جناب کریمی نے مزید جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ ٹیکنیشین گریڈ III کے لئے امید وار کی تعلیمی لیاقت 10 ویں کلاس کیا ہوا اور متعلقہ فیلڈ میں انڈسٹریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (ITI) سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہو۔ امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 37 سال سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ اسی طرح جونیئر الیکٹریکل انجینئر کیلئے تعلیمی لیاقت انجینئرنگ میں ڈپلومہ مکمل کیا ہو۔ جونیئر اکاو؟ نٹس کلرک کے پاس کامرس میں بیچلر کی ڈگری ہونی چاہیے۔ کم از کم اور زیادہ سے زیادہ عمر کی حد بالترتیب 21 اور 37 سال ہے۔ کراسپونڈنٹ کلرک کے پاس بیچلر کی ڈگری ہونی چاہیے۔ اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر کے پاس انجینئرنگ (B.Tech) میں بیچلر کی ڈگری اور ایک ویلڈ GATE سکور ہونا ضروری ہے۔ امیدواروں کو درخواست کی فیسکے طور پر جنرل، ای بی سی، اور بی سی امیدواروں کو 1500 روپے ادا کرنے ہوں گے۔ جبکہ SC، ST، PWD، اور خواتین امیدواروں کو 375 روپے کی رقم ادا کرنی ہوگی جو ناقابل واپسی ہے۔ جناب کریمی نے کہا کہ اس سلسلے میں مزید تفصیلات ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ فارم بھرنے سے قبل تمام جانکاری حاصل کرلینا مناسب اور بہتر ہوتا ہے۔ جناب کریمی نے کہا کہ اہلیت رکھنے والے امیدوار ضرور فارم بھریں۔ محنت اور لگن سے تیاری کریں۔ کامیابی وکامرانی ا؟ پ کو ضرور حاصل ہوگی۔ میری دعائیں اور نیک خواہشات ا؟ پ کے ساتھ ہیں۔

زرعی ٹیکنالوجی اپلی کیشن ریسرچ انسٹیٹیوٹ زون کا 2 روزہ ورکشاپ

پروگرام میں بہار اور جھارکھنڈ کے ایگریکلچر ماہرین کی شرکت

پٹنہ (پریس ریلیز)

زرعی ٹیکنالوجی اپلی کیشن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ پٹنہ کی طرف سے دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں بہار اور جھارکھنڈ کے ایگریکلچر ماہرین نے (پودوں کی حفاظت) نے حصہ لیا۔ ایگریکلچر سائنس سینٹر کے اہم کاموں میں سے ایک فیلڈ ریسرچ ٹیسٹنگ کے ایکشن پلان پر تفصیلی بات چیت کی گئی، تاکہ کسانوں کو ایگریکلچر سائنس سینٹروں کے ذریعے شراکت دار بنا کر ان کے عملی زرعی مسائل کو حل کیا جاسکے۔ اس کو مستقل طور پر حل کیا جائے گا تاکہ زرعی پیداوار مستقل رہے اور نئی ٹیکنالوجی کسانوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں۔ اس ورکشاپ میں 37 ایگریکلچر سائنس کے مضامین کے ماہرین (پودوں کی حفاظت) نے حصہ لیا اور اپنے اپنے اضلاع کے ایکشن پلان پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔ ایگریکلچرل ٹیکنالوجی اپلی کیشن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، پٹنہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر انجنی کمار نے کہا کہ زراعت کو منافع بخش بنانے کے لیے کرشی وگیان کیندروں کا کردار بہت اہم ہے اور انہیں اپنے اضلاع میں سائنسی نقطہ نظر کے ساتھ کام کرنا چاہیے تاکہ کسانوں کا اعتماد بڑھے اور وہ زراعت کو منافع بخش بنا سکیں۔ دو روزہ ایکشن پلاننگ ورکشاپ میں پروفیسر۔ راگھورمن، کاشی ہندو یونیورسٹی وارانسی، ڈاکٹر کلدیپ سریواستو پرنسپل سائنٹسٹ انڈین ویجیٹیبل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ وارانسی اور ڈاکٹر رنجیت کمار، اسسٹنٹ پروفیسر، ڈمراؤن نے ماہرین کی حیثیت سے شرکت کی اور اپنی اہم تجاویز پیش کیں، جس سے اہم کام انجام دینے میں مدد ملی۔ اس سے کسانوں کو فائدہ پہنچانے کے منصوبے بنائے جاسکتے ہیں۔ ڈاکٹر منیب اللہ، ڈاکٹر امریندر کمار، ڈاکٹر ڈی وی سنگھ، ڈاکٹر پرگیہ بھدوریا اور ڈاکٹر تیجسوانی نے ایکشن پلاننگ ورکشاپ کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا اور اٹاری، پٹنہ کے تمام افسران، ملازمین اور پراجیکٹ اہلکاروں نے اہم کردار ادا کیا۔

تنشک فریزر روڈ اور جگدیو پتھ میں 100 فیصد گولڈ ایکسچینج کے ساتھ سونے کی زیادہ قیمت

پٹنہ (ایس این بی) ہندوستان کا مشہور جویلری ریٹیل برانڈ اور ٹاٹا گروپ کا ممبر تنشک نے سونے کی بڑھتی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اپنے صارفین کی بڑھتی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے پیش کی ہے گولڈ ایکس چینج پالیسی صفر کٹوتی کے ذریعہ صارفین صارفین کو سونے کی سب سے بہتر قیمت دلانے کے لیے اس ایکس چینج پالیسی نے سونے کی تنشک کے سب سے نئے ڈیزائنس کے ساتھ اپ گریڈ کرنے کا سنہرا موقع دیا جارہا ہے۔ صارفین کو 20 فیصد تک کی گولڈ میکنگ چارج پر اور 20 فیصد تک کی چھوٹ ہیروں کے زیورات پر دے رہا ہے۔ تنشک نے ہمیشہ سے ہی اپنے صارفین کو اپنے سبھی کاموں میں سب سے زیادہ اہمیت دی ہے۔

سیکولرزم کی مضبوطی کیلئے بہار تیار، ضمنی اسمبلی انتخاب میں ہماری فتح یقینی

تیجسوی کی عوامی مقبولیت میں اضافہ، اسمبلی انتخاب میں این ڈی اے کی شکست کیلئے حکمت عملی: مہتاب



پٹنہ (ایس این بی)

سیکولرزم کی مضبوطی کے لیے بہار تیار ہے۔ کیونکہ گزشتہ پارلیمانی انتخابات میں عوام نے جس مضبوطی کے ساتھ این ڈی اے کو مسترد کیا اس سے ہمیں ایک طاقت ملی ہے۔ انڈیا اتحاد پوری قوت کے ساتھ ڈبل انجن حکومت کی عوام مخالف پالیسی کو بے نقاب کرے گی۔ یہ باتیں پٹنہ مہانگر آر جے ڈی کے ضلع صدر محمد مہتاب عالم نے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس پارلیمانی انتخاب میں بی جے پی نے اپنے سارے حدود کو پار کرتے ہوئے جس طرح سے جمہوریت کو کمزور کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ اس کے وجہ سے لوگوں کو تکلیف ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آنے والے بہار اسمبلی انتخاب میں انڈیا اتحاد ریاست کے اقتدار سے این ڈی اے کو بے دخل کردے گی۔ کیونکہ این ڈی اے حکومت عوام میں اپنا اعتماد کھوچکی ہے اور انڈیا اتحاد کے حق میں فیصلہ کر کے انہیں اقتدار سونپنے کی تیاری کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تیجسوی یادو کی عوامی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے۔ 2019 کے پارلیمانی انتخاب میں آر جے ڈی نے کسی بھی سیٹ پر کامیابی حاصل نہیں کی تھی جبکہ کانگریس کو صرف کشن گنج میں کامیابی ملی تھی۔ لیکن 2024 کا منظرنامہ بدلا بدلا رہا اور عوام نے ملکی سطح پر انڈیا اتحاد کے حق میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا اور بیشتر ریاستوں میں بی جے پی کو مسترد کردیا۔ خاص طور پر بہار میں جہاں این ڈی اے نے 39 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی وہاں اس مرتبہ اسے 30 سیٹوں پر انہیں کامیابی ملی۔ جبکہ جبکہ انڈیا اتحاد کو 10 سیٹوں پر کامیابی ملی۔ یقیناً یہ تبدیلی آنے والے اسمبلی انتخابات میں انڈیا اتحاد کی فتح کی ضمانت بنے گا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ جب آپ عوام کے خلاف کوئی پالیسی بناتے ہیں اور اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو یقیناً اس سے عوام کو تکلیف ہوتی ہے اور اس کا بدلہ عوام انتخابات میں لیتی ہے۔ گزشتہ پارلیمانی انتخاب میں انڈیا اتحاد کی کامیابی دراصل بی جے پی کی عوام مخالف پالیسی کا حصہ رہا ہے اور اس تبدیلی سے ملکی سطح پر سیکولر ووٹروں کے حوصلے بلند ہوئے ہیں۔ یہی تبدیلی آنے والے دنوں میں ملک کو مزید طاقتور بنا سکتی ہے۔ مسٹر مہتاب عالم نے کہا کہ آر جے ڈی سماج کے سبھی طبقوں کی پہلی پسند ہے اور ہم لوگ پٹنہ میں بھی کافی مضبوط ہوئے ہیں۔

بہار کوٹے سے بنے مرکزی وزرا سے ریاست کو کوئی فائدہ نہیں

پسماندگی اور بدحالی کو دور کرنے کیلئے بہار کو خصوصی ریاست کا درجہ دیا جانا ضروری: ڈاکٹر حسنین قیصر

پٹنہ (ایس این بی)

بہار کوٹے سے مرکزی کابینہ میں شامل کئے گئے وزرا سے ریاست کے لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں۔ کیونکہ جو قلمدان انہیں سونپا گیا ہے ان قلمدانوں سے ریاست کے عوام کو کوئی فائدہ ہونے کی امید نہیں ہے۔ بہار اسی وقت ترقی یافتہ ریاست ہوسکتا ہے جب مرکز اسے خصوصی ریاست کا درجہ دینے کا اعلان کرے۔

یہ باتیں کانگریس میڈیکل سیل کے ریاستی صدر و ترجمان ڈاکٹر محمد حسنین قیصر نے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بہار نے ہمیشہ ملک کی رہنمائی کی ہے اور جب جب ملک سنگین مسائل کا سامنا کیا ہے عوام نے آگے بڑھ کر ملک کی خدمت کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملکی سطح پر بہاریوں کو امید بھری نگاہوں سے دیکھا جاتا رہا ہے۔ مسٹر قیصر نے کہا کہ پارلیمانی انتخاب میں بی جے پی کو عوام نے مسترد کردیا ان کے پاس اکثریت نہیں ہے۔ ڈبل انجن کی حکومت مستحکم نہیں ہونے کی وجہ سے کئی طرح کے سوالات کو پیدا کررہی ہے۔ جبکہ انڈیا اتحاد پوری مضبوطی کے ساتھ عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سڑکوں پر اترنے کا فیصلہ کرچکی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ جب پارلیمنٹ کا اجلاس شروع ہوگا اپوزیشن کے حملوں سے اقتدار پر قابض حکمراں جماعت سامنا نہیں کرپائے گی اور وقت سے قبل ہی یہ حکومت گر جائے گی۔ مسٹر قیصر نے زور دے کر کہا کہ روپولی ضمنی اسمبلی انتخاب میں انڈیا اتحاد کو چاہئے کہ وہ ایک ہی امیدوار کا انتخاب کرے۔ کیونکہ گزشتہ پارلیمانی انتخاب میں پپو یادو کی فتح سے انڈیا اتحاد کو فضیحت کا سامنا کرنا پڑا وہ ہمارے سامنے ہے۔ ایسی صورت میں این ڈی اے حکومت کو اس ضمنی اسمبلی انتخاب میں شکست دینے کے لیے نئی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے۔ میں اس سلسلہ میں سابق نائب وزیراعلیٰ تیجسوی یادو سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ اتحاد کی مضبوطی کے لیے انا کی قربانی دیں کیونکہ اس سے انڈیا اتحاد کو ایک نئی طاقت ملے گی اور ہم پوری مضبوطی کے ساتھ این ڈی اے حکومت کی ناکامی سے عوام کو روشناس کراپائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملکی سطح پر کانگریس راہل گاندھی کی قیادت میں مزید طاقتور بن کر ابھر رہی ہے۔ اس کا فائدہ 2025 کے بہار اسمبلی انتخابات میں انڈیا اتحاد کو ملے گا۔ جبکہ بی جے پی کی کوشش یہی ہوگی کہ 2025 کی جنگ میں ہم ایک بار پھر 2020 کی کہانی دہرائیں جب چراغ پاسوان نے وزیراعلیٰ نتیش کمار کو کمزور کرنے میں لگی تھی۔

عیدالاضحیٰ کے پیش نظر راجدھانی پٹنہ میں سیکوریٹی سخت

گاندھی میدان میں 7:30 بجے عیدالاضحیٰ نماز کی ادائیگی، گیٹ نمبر 1 سے صرف پیدل آنے والے لوگوں کو داخلے کی اجازت: ڈاکٹر ظفر نیازی

پٹنہ (ایس این بی)

عیدالاضحیٰ کے پیش نظر راجدھانی پٹنہ سمیت ریاست کے تمام اضلاع میں سیکوریٹی سخت کردی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں ریاستی حکومت نے افسران کو سخت ہدایت دی ہے اور ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لیے احکامات جاری کردی گئے ہیں۔ وہیں گاندھی میدان میں عیدالاضحیٰ کی نماز صبح ساڑھے سات بجے ادا کی جائے گی۔ اس کی جانکاری عیدین کمیٹی گاندھی میدان کے سنیئر رکن ڈاکٹر محمد ظفر نیازی نے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ راجدھانی پٹنہ کے گاندھی میدان میں ہر سال کی طرح امسال بھی عیدالاضحیٰ کی نماز صبح ساڑھے سات بجے ادا کی جائے گی۔ سیکوریٹی کے پیش نظر ضلع انتظامیہ کے اعلی افسران کی میٹنگ ہوچکی ہے۔ ڈی ایم اور ایس پی کے ساتھ بھی میٹنگ کا دور جاری رہا۔ مسٹر نیازی نے کہا کہ ضلع انتظامیہ گاندھی میدان میں عیدالاضحیٰ کے نماز کے وقت الرٹ رہے گی۔ ساتھ ہی ساتھ نمازیوں کو کسی طرح کی دشواری نہ ہو اس کے لیے پولیس انتظامیہ کی جانب سے بھی تیاری کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گاندھی میدان عیدین کمیٹی نمازیوں کی سہولیات کے لیے سبھی طرح کی تیاریاں مکمل کرلی ہے۔ گرمی کی شدت کی وجہ سے نمازیوں کو پریشانی نہ ہو اس کے لیے بھی ہم لوگوں نے کئی طرح کے کاموں کو انجام دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گاندھی میدان کے گیٹ نمبر 5، 6، 7 اور 10 سے پیدل اور گاڑیوں کے ساتھ جبکہ گیٹ نمبر 1 سے صرف پیدل آنے والے لوگوں کو داخلے کی اجازت ملے گی۔ ایسی صورت میں پندرہ سے بیس منٹ قبل عیدالاضحیٰ کی نماز میں شرکت کے لیے گاندھی میدان پہنچنے کی کوشش کریں۔